بمبئی ٹاکیز کا بہترین نیا شاہکار

महल

محل

اداکار:- اشوک کمار مدھوبالا سجی وغیرہ

خلاصہ و گانے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری

اماوس کی کالی رات میں موسلادھار پانی برس رہا تھا بجلیوں کی کڑکڑاہٹ اور بادلوں کی گڑگڑاہٹ کے بیچ شنکر گنگا اور جمنا کے سنگم پر بسے "سنگم بھون" میں آ پہنچی۔ اس بڑے راج محل کو ویران پا کر اس کی جگیاسا جاگ اٹھی۔ محل کے حافظ مالی کے منہ سے جو داستان سنی اس سے اُن کے دل و دماغ پر ایک پریورتن ہوا۔ محل کی دیواروں سے ٹکراتا گونجتا ایک کرُن کرندن اُس کے کانوں میں آ پہنچا۔ اُس پکارنے والی کو دیکھنے کیلئے وہ اُس اندھیارے محل میں اِدھر اُدھر بھٹکنے لگا آگے پردہ فلم پر ملاحظہ فرمائیے۔

گانے محل کے

نمبر

خاموش ہے زمانہ چپ چاپ ہیں ستارے
آرام سے ہے دنیا بے کل ہیں دل کے مارے
ایسے میں کوئی آہٹ اِس طرح آ رہی ہے
جیسے کہ چل رہا ہو من میں کوئی ہمارے
یا دل دھڑک رہا ہے اِس آس کے سہارے

آئے گا۔ آئے گا۔ آئے گا آنے والا۔

دیپک بغیر کیسے پروانے جل رہے ہیں
کوئی نہیں چلتا اور تیر چل رہے ہیں۔
تڑپے گا کوئی کبتک بے آس بے سہارے
لیکن یہ کہہ رہے ہیں دل سے میرے اشارے
آئے گا۔ آئے گا۔ آئے گا آنے والا۔

بھٹکی ہوئی جوانی منزل کو ڈھونڈتی ہے
مانجھی بغیر نیا ساحل کو ڈھونڈتی ہے
کیا جانے دل کی کشتی کب تک لگے کنارے
لیکن یہ کہہ رہے ہیں دل کے میرے اشارے
آئے گا۔ آئے گا۔ آئے گا آنے والا۔

نمبر۲

گھن گھن گھونگھر وا باجے گھن۔ کہاں ہے دھیان کیلی دھن
نظر ملاکے بات سن

یہ رت پھر نہ آئے گی۔ جوانی بیت جائے گی
یہ مست رات بے پیمانے میں جھومتی ہوئی
نظر کو چھوڑتی ہوئی دلوں کو چومتی ہوئی

جو یوں ہی گذر گئی تو ترستے رہو گے عمر بھر
ہزار چاہو گے مگر یہ رات پھر نہ آئے گی
جوانی بیت جائے گی یہ رات پھر نہ آئے گی
جوانی گا رہی ہے دل کی اُمنگوں کے ساز پر
چلو کہیں بھی لے چلو ہمارا ہاتھ تھام کر
کہاں کی فکر کیسا غم۔ ہمارا جو ہے اُس کے ہم
تمہاری جان کی قسم یہ رات پھر نہ آئے گی
جوانی بیت جائیگی ....

نمبر ۳

مُشکل ہے بہت مُشکل چاہت کا بُھلا دینا
آسان نہیں دل کی یہ آگ بُجھا دینا۔
یہ کھیل نہیں لیکن یہ کھیل ہے اُلفت کا
روتوں کو ہنسا دینا۔ ہنستوں کو رُلا دینا۔
دل والوں کی دُنیا میں یہ رسم کہ جب کوئی
آئے تو قدم لینا جائے تو دُعا دینا
اُلجھن ہے بہت پھر بھی ہم تجھ کو نہ بھولیں گے
ممکن تو نہیں لیکن تم ہمکو بُھلا دینا۔

نمبر۴

گھبرا کے جو ہم سر کو ٹکرائیں تو اچھا ہو
بس جینے میں سو دکھ ہے مر جائیں تو اچھا ہو
دل ٹوٹنے کا منظر وہ بھی تو ذرا دیکھیں
آنسو میری آنکھوں میں بھر آئیں تو اچھا ہو
جو ہم پہ گذرنی ہے۔ ایک بار گذر جائے
وہ کیتنے ستمگر ہیں کھل جائے تو اچھا ہو۔

نمبر۵

میں وہ ہنسی ہوں لب پہ جو آنے سے رہ گئی
میں وہ شمع ہوں جو کبھی روشن نہیں ہوئی
ہوں وہ اُمنگ نکلی جو دل سے نہ ایک بار
ہوں وہ خوشی کہ غم نے جسے کر لیا شکار
میں وہ دلہن ہوں راس نہ آیا جسے سنگھار
میں وہ چمن ہوں جس میں نہ آئی کبھی بہار
گھر جل گیا تو آگ بجھانے سے فائدہ
اس بے وفا کو اب یہ جتانے سے فائدہ
اے میرے دل کے چین میرا دل ہے بے قرار

کشتی بھنور میں ہے کنارا نہیں کوئی
مجبور زندگی کا سہارا نہیں کوئی
مرنے کا انتظار ہے مرنے کا انتظار

نمبر ۷

ایک تیر چلا دل پہ لگا ہائے میرا دل
ایک ٹھیس لگی ایسی لگی ٹوٹ گیا دل
اے آنسوؤں آ کے جلنے سے بچاؤ
سینے میں محبت کی لگی آگ جلا دل
مشکل تھا بچانا ایسا تھا لگانا
چاہا تو بہت دل کو بچانا نہ بچا دل
کی میں نے جو فریاد کس نے کیا برباد
دل نے کہا نظروں نے تو نظروں نے کہا دل

نمبر ۸

دل نے پھر یاد کیا۔ بے وفا لوٹ بھی آ
دل میں پھر ہوک اٹھی۔ دل کا پھر خون ہوا
میں نے ایک خواب سا دیکھا تھا جو پورا نہ ہوا
مجھکو دنیا سے شکایت ہے نہ قسمت سے گلہ۔

آسرا دیکے محبت نے مجھے لوٹ لیا.
ہائے کیا جل گیا سینے سے جو اُٹھتا ہے دُھواں
ڈر ہے اِس آگ میں جل جائے نہ اُلفت کا نشاں
رُوٹھنے والے محبت کو مصیبت نہ بنا.

(ختم شد)

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۵۰ سے بھی زائد وہ دلکش گانے درج کئے ہیں جنہیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چُنا ہے جن کو کامنی کوشل، ثریا، نرگس، ریحانہ، نینا، مینا، ستارا، ممتاز شانتی، ثریا دیوی، دیوکا رانی، کانن بالا اور اشوک کمار، پہاڑی سانیال، ماسٹر مہنگل، کجن، یعقوب، شیام، پریم ادیب، موتی لعل، پرتھوی راج، دلیپ کمار، وغیرہ وغیرہ اپنے ہی سینکڑوں اداکاروں نے گایا ہے۔ جن کو پڑھ کر انسان ترنم میں آجاتا ہے اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپ کو فلمی گانوں کے پڑھنے و سننے کا ذرا بھی شوق ہے۔ تو فوراً ہماری یہ بہترین کتاب کو منگا کر دیکھئے۔ قیمت مع محصولڈاک صرف ۱۲

ملنے کا پتہ:-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی